# مبلغ جاپان کی دفتری ملاقات

☆... بعدازاں مکرم صباح الظفر صاحب مبلغ سلسلہ جاپان نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں دفتری ملاقات کا شرف پایا اور ہدایات حاصل کیں۔

حضور انور نے فرمایا: آپ کا تقرر ٹوکیو میں ہوا ہے۔ آپ کو وہاں کسی کی پارٹی بننے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ نے غیر جانبدار رہنا ہے۔ وہاں پرانے احمدی خاندان آباد ہیں۔ ان کو اپنے قریب کریں۔ آگے ان کے بچوں کی شادیاں ہو رہی ہیں۔ ان سب کو اپنے قریب کریں۔ ان کو دینی علم سکھائیں۔ جماعتی پروگراموں میں شامل کریں اور جہاں اصلاح کی ضرورت ہے وہاں حکمت سے اصلاح کے لئے کوشش کرتے رہیں۔

جو لوگ جماعتی پروگراموں اور میٹنگز میں نہیں آتے ان کو سمجھائیں کہ علیحدہ رہنا کوئی کمال نہیں بلکہ یہ بزدلی ہے۔ مردانگی نہیں ہے۔ اصل یہ ہے کہ نظامِ جماعت میں رہ کر اصلاح کریں۔ یکجان ہوں گے۔ ایک ہوں گے تو ترقی ہو گی۔

حضور انور نے فرمایا:۔ جو پیچھے ہٹے ہوئے ہیں ان کو جا کر کہیں کہ جب تک تم میں اکائی پیدا نہیں ہو گی رُحَمَآءُ بَیۡنَہُمۡ نہیں ہو گا آپ کچھ نہیں کر پائیں گے اور نہ ہی کوئی ترقی ہو گی۔ یکجان ہو کر کام کریں۔ پھر دیکھیں کہ کس طرح جماعت آگے بڑھتی ہے اور جماعتی ترقی ہوتی ہے۔

ٹوکیو میں مسجد کے لئے جگہ کے حوالہ سے حضور انور نے فرمایا: جائزہ لیتے رہیں اور Real Estate سے بھی رابطہ رکھیں۔

حضور انور نے فرمایا:۔ تبلیغ کے پروگرام بنائیں۔ وہاں کے حالات کے مطابق دیکھیں کہ کون کون سے طریقے ہیں جن سے آپ تبلیغ کرسکتے ہیں اور پیغام پہنچا سکتے ہیں۔ راستے تلاش کرنا آپ کا کام ہے۔